شرکت کنندہ کے حقوق اور ذمہ داریاں - Urdu

مؤثر 1 فروری، 2019

میں سمجھتا ہوں کہ مجھے حق حاصل ہے کہ میں:

- ✓ غذائیت کے بارے میں تعلیم، صحت اور چھاتی سے دودھ پلانے کی خدمات میں شرکت کے لیے تعاون اور حوصلہ افزائی حاصل کر سکوں۔
- ✓ WIC (ڈبلیو آئی سی) پروگرام کے سے نسل، رنگ، قومیت نژاد، عمر، معذوری یا صنف کے قطع نظر اہلیت اور شرکت کے معیار کے مطابق مساوی طور پر مستفید ہو سکوں۔
- ✓ پروگرام کی اہلیت یا ڈبلیو آئی سی کے فوائد کے بارے میں (ڈبلیو آئی سی) ایجنسی کے کسی فیصلے کیخلاف اپیل کر سکتا ہوں۔ میں مقامی ڈبلیو آئی سی ایجنسی یا مسوری ڈبلیو آئی سی پروگرام سے، P.O. Box 570, Jefferson City, MO 65102، (800) 392-8209 پر رابطہ کرکے 60 دنوں کے اندر اندر منصفانہ سماعت کی درخواست کر سکتا ہوں۔

میں سمجھتا کہ یہ میری ذمہ داری ہے کہ:

- ✓ میں یہ یقینی بناؤں کہ میرے نامزد افراد یا میں خود، اپنے ڈبلیو آئی سی کے فوائد، منظور شدہ خوراک ایک مجاز خردہ فروش یا دکاندار سے خریدوں جسیا کہ میری سرٹیفکیشن کے دوران مجھے بتایا گیا تھا۔
- ✓ اگر میں کسی دوسری جگہ منتقل ہونے کی منصوبہ بندی کر رہا ہوں تو میں اپنی ڈبلیو آئی سی کو اطلاع دوں تا کہ ڈبلیو آئی سی میں مسلسل بلا وقفہ شرکت جاری رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے، نئی جگہ لے جانے کے لیے سرٹیفکشن کی تصدیق (VOC-Verification of Certification) فراہم کیا جاسکے۔
- ✓ ایک وقت میں ڈبلیو آئی سی فوائد صرف ایک (1) ڈبلیو آئی سی ایجنسی سے وصول کروں کیونکہ دوہری شراکت داری غیر قانونی ہے۔
- ✓ جب ڈبلیو آئی سی فوائد دستیاب ہوں، انہیں وصول کر لوں۔
- ✓ ڈبلیو آئی سی اور دکان کے عملے سے احترام اور خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آؤں۔

MOWINS سسٹم میں الیکٹرانک دسخط فراہم کر کے، میں مندرجہ ذیل کی تصدیق کرتا ہوں:

- ✓ مجھے ڈبلیو آئی سی پروگرام کے تحت میرے حقوق اور میری ذمہ داریوں کے بارے میں بتا دیا گیا ہے۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ جو معلومات اور دستاویزات میں نے اپنے گھرانے کے لیے فراہم کیے ہیں وہ درست ہیں۔
- ✓ میں سمجھتا ہوں کہ مسوری چیف ہیلتھ سٹیٹ افیسر، ڈبلیو آئی سی پروگرام میں میری شرکت کو غیر ڈبلیو آئی سی مقاصد کے لیے شئیر کرنے کی اجازت حاصل کرنے کے لیے مجھ سے ایک تحریری معاہدہ کر سکتا ہے۔ یہ صرف ڈبلیو آئی سی اور اُن پروگراموں کے انتظامی اداروں کی طرف سے استعمال کیا جائے گا جو ڈبلیو آئی سی کے اہل افراد کی خدمت کرتے ہیں۔ یہ معلومات مندرجہ ذیل کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں:
  - اُن پروگرام میں میری اہلیت کا تعین کرنے کے لیے جس کا انتظام یہ ادارہ کرتا ہے؛
  - آؤٹ ریچ یا رابطہ کرنے کے لیے؛
  - مجھے ڈی ایچ ایس ایس (DHSS) پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے اور درخواست کے عمل کو آسان بنانے کے لیے؛
  - اگر میں اس پروگرام میں پہلے سے شامل ہوں تو میری صحت، تعلیم، یا فلاح بہبود کو بہتر بنانے کے لیے؛ اور
  - صحت کی ضروریات سے نمٹنے کی صلاحیت اور اسکی افادیت کو پرکھنے کے لیے۔
- ✓ میں سمجھتا ہوں کہ اپنے ڈبلیو آئی سی کے فوائد، خوراک، چھاتی سے دودھ نکالنے والے پمپ، یا ڈبے کے دودھ کو بیچنا، لین دین کرنا، یا کسی کو دینا شراکت دار کے معاہدے کی خلاف ورزی ہے اور اس کا نتیجہ موصول شدہ چیزیں اور پیسوں کی واپسی یا ڈبلیو آئی سی پرروگرام سے نااہلیت میں نکل سکتا ہے۔
- ✓ اگر تصدیق کے عمل یا سرٹیفکیشن کے وقت تمام دستاویزات دستیاب نہیں ہیں، تو میں بذاتِ خود تصدیق کرتا ہوں کہ آمدنی، شناخت، یا رہائش کے بارے میں جو معلومات دستیاب نہیں ہیں، اہلیت کے معیار پر پورا اترتی ہیں۔ میں اتفاق کرتا ہوں کہ ڈبلیو آئی سی کے فوائد کے پروگرام میں شامل رہنے اور ان کو حاصل کرنے کے لیے میں ان معلومات کو 30 دنوں کے اندر اندر فراہم کر دونگا۔ وفاقی مدد حاصل کرنے کے لیے اس تصدیق کی ضرورت ہوتی ہے۔ پروگرام کے اہلکار ان معلومات کی تصدیق کر سکتے ہیں۔
- ✓ میں سمجھتا ہوں کہ جان بوجھ کر غلط یا گمراہ کن بیانات دینے یا جان بوجھ کر حقیقت کو غلط بیان کرنے یا چھپانے کے نتیجے میں مجھے بلا جواز دیئے گئے خوراک یا حاصل کردہ غذائی فوائد کی مالیت ڈبلیو آئی سی سٹیٹ ایجنسی کو ادا کرنی پڑ سکتی ہے اور مجھ پر ریاستی اور وفاقی قانون کے تحت دیوانی یا فوجداری مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

وفاقی شہری حقوق کے قانون اور امریکی محکمہ زراعت (USDA- یو ایس ڈی اے) کے شہری حقوق کے قواعد و ضوابط اور پالیسیوں کے مطابق، یو ایس ڈی اے، اس کی ایجنسیاں، دفاتر، ملازمین، اور ادارے جو یو ایس ڈی اے کے پروگراموں میں شرکت کر رہے ہیں یا ان کا انتظام کر رہے ہیں، ان سب کو کسی بھی ایسے پروگرام یا سرگرمی میں جو یو ایس ڈی اے کر رہا ہے یا اس کی مالی معاونت کر رہا ہے، نسل، رنگ، قومیت نژاد، جنس، معذوری، عمر کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنے یا کسی پچھلی شہری حقوق کی سرگرمی کے لیے انتقامی یا جوابی کاروائی کرنے کی ممانعت ہے۔

معذور افراد جنہیں پروگرام کی معلومات حاصل کرنے کے کے لئے رابطہ کرنے کے متبادل طریقےکی ضرورت ہوتی ہے (مثال کے طور پر، بریل، بڑے پرنٹ، آڈیوٹیپ، امریکی اشاروں کی زبان، وغیرہ)، انہیں چاہئے کہ وہ اس (ریاستی یا مقامی) ایجنسی سے رابطہ کریں، جہاں انہوں نے فوائد کے لئے درخواست دائر کی تھی۔ لوگ جو بہرے ہیں، اونچا سنتے ہیں، یا جنہیں بولنے میں مشکل ہوتی ہے، وہ یو ایس ڈی اے سے فیڈرل ریلے سروس کے ذریعے 877-8339 (800) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ مزید براں، پروگرام کی معلومات انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں بھی فراہم کی جا سکتی ہے۔

پروگرام میں امتیازی سلوک کی شکایت کرنے کے لئے، یو ایس ڈی اے پروگرام کا امتیازی سلوک کے لیے شکایت کا فارم مکمل کریں، (AD-3027) جو آن لائن: http://www.ascr.usda.gov/complaint_filing_cust.html اور یو ایس ڈی اے کے کسی بھی دفتر میں دستیاب ہے، یا یو ایس ڈی اے کو ایک خط لکھیں اور اس خط میں وہ تمام معلومات فراہم کریں، جس کی فارم میں درخواست کی گئی ہے۔ شکایت فارم کی ایک کاپی کی درخواست کے لئے، 9992-632 (866) پر کال کریں۔

اپنا مکمل کردہ فارم یا درخواست مندرجہ ذیل کسی ایک طریقے سے یو ایس ڈی اے کو بھیج دیں:

1. ڈاک: U.S. Department of Agriculture, Office of the Assistant Secretary for Civil Rights, 1400 Independence Avenue, SW, Washington, D.C. 20250-9410;
2. فیکس: (202) 690-7442;
3. ای میل: program.intake@usda.gov

شرکت کنندہ/نگراں کا دستخط__________________________________ تاریخ ____________________

* اگر دستخط الیکٹرانک طور پر MOWINS میں پیش کر دیئے گئے ہوں تو اس فارم پر دستخط کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔